104



آیات نمبر 51 تا 60 میں مسلمانوں کو تنبیہ کہ یہود و نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ۔ منافقین یہود و نصاریٰ سے اس لئے ڈرتے ہیں کہ اگر وہ مسلمانوں کے مقابلہ میں جیت گئے تو کیا ہوگا۔ منافقین کو تنبیہ کہ اگر وہ مرتد ہونا چاہیں تو ہو جائیں، اللہ کو کوئی پرواہ نہیں۔ اللہ اپنے دین کے لئے ایسے لوگوں کو کھڑا کرے گا جن سے اللہ محبت کرتا ہوگا اور وہ اللہ سے محبت کرتے ہوں گے۔ اہل ایمان کو تنبیہ کہ ان یہود کو دوست مت بناؤ جو اپنی مجالس میں اسلام کا مذاق اڑاتے ہیں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَ النَّصٰرٰٓى اَوْلِيَآءَ ۘ بَعْضُهُمْ
اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ اے ایمان والو! تم یہود اور نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ یہ لوگ آپس میں
ایک دوسرے کے دوست ہیں وَ مَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا
يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۵۱ اور تم میں سے جو شخص ان کے ساتھ دوستی کرے گا تو
یقیناً اس کا شمار ان ہی کے ساتھ ہو گا، بے شک اللہ تعالیٰ ظالم اور نافرمان لوگوں کو ہدایت و
راہنمائی نہیں فرماتا فَتَرَى الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ فِيْهِمْ
يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰٓى اَنْ تُصِيْبَنَا دَآئِرَةٌ ؕ آپ ایسے لوگوں کو دیکھتے ہیں جن کے دلوں
میں نفاق کی بیماری ہے کہ وہ یہود و نصاریٰ کی طرف دوڑ دوڑ کر جاتے ہیں، ان کا کہنا ہے کہ
ہمیں اس بات کا ڈر ہے کہ ہم پر کوئی گردش نہ آجائے فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَ بِالْفَتْحِ
اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا عَلٰى مَآ اَسَرُّوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ نٰدِمِيْنَ ؕ۝۵۲ تو وہ
وقت دور نہیں جب اللہ مسلمانوں کو فیصلہ کن فتح دیدے یا کوئی اور نشانی ظاہر کر دے تو یہ
منافق لوگ ان باتوں پر نادم ہو کر رہ جائیں جو انہوں نے اپنے دلوں میں چھپا رکھی تھیں وَ
يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ اِنَّهُمْ
لَمَعَكُمْ ؕ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَاَصْبَحُوْا خٰسِرِيْنَ ۝۵۳ اور اس وقت مسلمان یہ

کہیں گے کیا یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اللہ کی بڑی قسمیں کھائی تھیں کہ بیشک وہ ہمارے
ساتھ ہیں، ان منافقین کے سارے اعمال ضائع ہو گئے، اور وہ سراسر نقصان اٹھانے والے
ہو گئے يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ
بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَ يُحِبُّوْنَهٗۤ ۙ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۫
يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ لَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآىِٕمٍ ؕ اے ایمان والو! تم میں
سے جو شخص اپنے دین سے پھر جائے گا تو بہت جلد اللہ ان کی جگہ ایسے لوگوں کو لے آئے
گا جن سے وہ خود بھی محبت فرماتا ہو گا اور وہ اس سے محبت کرتے ہوں گے وہ مسلمانوں پر
مہربان اور کافروں کے مقابلہ میں سخت ہوں گے وہ اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے ہوں
گے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈریں گے ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ
مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝۵۴ یہ اللہ کا فضل ہے کہ یہ خوبیاں وہ جسے چاہتا ہے
عطا فرماتا ہے اور اللہ بڑا صاحب وسعت اور سب جاننے والا ہے اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَ
رَسُوْلُهٗ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَ هُمْ
رٰكِعُوْنَ ۝۵۵ اے مسلمانو! تمہارا دوست و مددگار تو بس اللہ اور اس کا رسول اور وہ
ایمان والے لوگ ہیں جو نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور وہ اللہ کے حضور
میں عاجزی سے جھکنے والے ہیں وَ مَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ
حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝۵۶ اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول ﷺ اور اہل
ایمان کو دوست بنائے گا تو وہ یقین رکھے کہ اللہ تعالیٰ ہی کی جماعت غالب رہے گی
رکوع [۸] يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّ لَعِبًا

مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَ الْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ ۚ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ
كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾ اے مسلمانو! ان لوگوں کو دوست نہ بناؤ جنھوں نے تمہارے دین کو ہنسی
کھیل بنایا ہوا ہے خواہ وہ ان میں سے ہوں جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی تھی یا کفار میں سے
ہوں اور اللہ سے ڈرتے رہو اگر تم واقعی مومن ہو وَ اِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا
هُزُوًا وَّ لَعِبًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿۵۸﴾ اور جب تم لوگ نماز کے لئے اذان دیتے
ہو تو یہ اسے بھی ہنسی اور کھیل بنا لیتے ہیں، دراصل یہ بالکل بے عقل لوگ ہیں قُلْ يٰۤاَهْلَ
الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّاۤ اِلَّاۤ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَ مَاۤ اُنْزِلَ مِنْ
قَبْلُ ۙ وَ اَنَّ اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۵۹﴾ آپ کہہ دیجئے کہ اے اہل کتاب! کیا تم ہم سے
صرف اس لئے دشمنی کر رہے ہو کہ ہم اللہ پر ایمان لے آئے ہیں اور جو کچھ ہماری جانب نازل کیا
گیا ہے اور جو کچھ اس سے پہلے اتارا گیا تھا اس سب پر ایمان لے آئے ہیں اور بیشک تمہارے اکثر
لوگ نافرمان ہیں قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ ان سے کہو کہ
کیا میں تمہیں ان لوگوں کے بارے میں نہ بتاؤں جن کا انجام اللہ کے یہاں اس سے کہیں زیادہ برا
ہے؟ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَ غَضِبَ عَلَيْهِ وَ جَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَ الْخَنَازِيْرَ وَ عَبَدَ
الطَّاغُوْتَ ؕ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّ اَضَلُّ عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿۶۰﴾ وہ لوگ جن پر اللہ کی
لعنت ہوئی، اور ان پر اس کا غضب نازل ہوا اور پھر ان میں سے کچھ کو اس نے بندر بنا دیا اور کچھ کو
خنزیر، اور جن لوگوں نے شیطان کی اطاعت کی وہی لوگ ٹھکانے کے اعتبار سے بدترین اور
سیدھی راہ سے بہت ہی بھٹکے ہوئے ہیں

[# 104]

In Verses 51 to 60, Muslims are cautioned not to befriend Jews and Christians. Hypocrites fear Jews and Christians because they worry about the consequences if these groups prevail over Muslims. Hypocrites are advised that if they wish to apostatize, they are free to do so. For the sake of His religion, Allah will establish those who love Him and whom He loves. Believers are warned not to befriend Jews who mock Islam in their gatherings.

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَ النَّصٰرٰۤى
اَوْلِيَآءَ ۘ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ

O you who have believed! Do not take Jews and Christians as friends; they are allies of one another.

وَ مَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى
الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ﴿۵۱﴾

And whosoever among you takes them as allies, then surely, he is one of them. Indeed, Allah does not guide the wrongdoing and disobedient people.

فَتَرَى الَّذِيْنَ فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ فِيْهِمْ
يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰٓى اَنْ تُصِيْبَنَا دَآئِرَةٌ ؕ

Yet you see [the hypocrites] in whose [doubting] hearts there is a sickness, rushing to [ally themselves with] them saying, "We fear lest a misfortune befall us".

فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا
عَلٰى مَآ اَسَرُّوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ نٰدِمِيْنَ ﴿٥٢﴾

Yet it may be that Allah will grant victory [to the believers] or reveal another sign from Himself. At that time, the hypocrites will regret for what they had been hiding in their hearts.

وَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ
جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ اِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ؕ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ
فَاَصْبَحُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿٥٣﴾

And [at that time], the believers will say, "Are these the ones who swore by Allah with the most solemn oaths that they were indeed with you?”. [As a result] All their [good] deeds will become void, and they will become losers.

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَ يُحِبُّوْنَهٗۤ ۙ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۫

O believers! If anyone among you turns back from his faith, then Allah will soon bring forth a people whom He loves and who love Him, humble towards the believers and stern towards the disbelievers.

يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ لَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ؕ

Striving in the cause of Allah, and not fearing the reproach of any critic.

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۵۴﴾

That is the grace of Allah. He confers it on whomever He wills. Allah is All-Embracing, All-Knowing.

اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ
يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ﴿۵۵﴾

O believers! Your allies and helpers are only Allah, His Messenger, and the believers who establish prayer and give zakat, and they bow down before Allah.

وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ
هُمُ الْغٰلِبُوْنَ﴿۵۶﴾ ركوع [۸]

Thus, whoever takes Allah as an ally, and also His Messenger, and those who believe—they are indeed of the alliance of Allah. It is they who shall be victorious!

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ
هُزُوًا وَّ لَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَ
الْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ ۚ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۵۷

O you who believe! Do not take as allies those who take your religion for mockery and play, whether they are from those to whom the Scripture was given before you, or from the disbelievers. And fear Allah if you are truly believers.

وَ اِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّ لَعِبًا ؕ ذٰلِكَ
بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ۝۵۸

And when you call for prayer, they take it for mockery and play. That is because, they are people who have no understanding [of true religion].

قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّاۤ اِلَّاۤ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَ
مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَ مَاۤ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ ۙ وَ اَنَّ اَكْثَرَكُمْ
فٰسِقُوْنَ ﴿۵۹﴾

Say, "O People of the Book! Do you resent us only because we believe in Allah and in what has been revealed to us, and what was revealed before? while, most of you are defiantly disobedient."

قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ

Say to them, "Shall I inform you of those whose punishment with Allah is even worse than that?

مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَ غَضِبَ عَلَيْهِ وَ جَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَ
الْخَنَازِيْرَ وَ عَبَدَ الطَّاغُوْتَ ؕ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّ اَضَلُّ
عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿۶۰﴾

[It is the punishment of] those whom Allah has cursed, and upon whom His wrath has fallen and [out] of whom He made apes and pigs and who worship false deities. Those are in a worse plight and far astray from the right path."